20/01/2025

07.40 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیاں۔

*........راجوری کے بڈھال گاؤں میں 17افراد کی پر اسرار موت کا پتہ لگانے کیلئے کوشششیں جاری //لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ۔

*........نائب وزیر اعلیٰ نے جموں کشمیر کی گھریلو دستکاری مصنوعات کو قومی و بین الاقوامی سطحوں پر فروغ دینے کی ضرورت پر دیا زور ۔

*........وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے نوجوانوں کو ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک بیش قیمتی اثاثہ دیا قرار ۔

اور

*........جموں کشمیر میں PMJAY- صحت اسکیم کے تحت دو ارب 22کروڑ روپے کے 1لاکھ22ہزار کلیم منظور

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ راجوری کے بڈھال گاؤں میں 17افراد کی پر اسرار موت کا پتہ لگانے کیلئے کوششیں جاری ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ صحت اور دیگر محکمے اس سلسلے میں چھان بین کر رہے ہیناور وجوہات کا پتہ لگایا جا رہا ہے ۔ ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

...........(LG)....Byte...........

ایل جی عطیہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے صحت و خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کے آیوشمان بھارت آرگن ڈونیشن رجسٹری پر رجسٹریشن کرکے اعضاءعطیہ کے طور دینے کا عہد لیا ۔ اس سلسلے میں متعلقہ افسروں نے راج بھون جموں جا کر لیفٹنٹ گورنر کو پلیج سرٹیفکیٹ سونپا ۔اس سے پہلے ایل جی نے کل بھارتیہ جین سنستھان کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب کے دوران اعضاءعطیہ کے طور دینے کی رضا مندی ظاہر کی تھی ۔

راج ناتھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ نوجوان ملک کا ایک بیش قیمتی اثاثہ ہے جو بھارت کو ترقی یافتہ اور خوشحال بنانے میں کلیدی رول ادا کر رہے ہیں۔نئی دلی میں این سی سی یوم جمہوریہ کیمپ2025سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کی ثقافت ایک سو چالیس کروڑ عوام کی یکجہتی سے بندھی ہوئی ہے ۔

افتتاح

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے آج بسوا بنگلہ کنوینشن سینٹر کولکتہ میں گلاس2025سے متعلق 27ویں بین الاقوامی کانگریس کا افتتاح کیا۔

آرمی چیف

چیف آف آرمی سٹاف جنرل اوپیندر دیودی نے کہا ہے کہ بھارتی فوج کو جدیدیت سے ہمکنار کرنے کیلئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں اور اسلحہ تیار کرنے کی گھریلو صلاحیت کو بھی فروغ حاصل ہوا ہے ۔ وہ آج دلی میں سالانہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے ۔ انہوں نے کہاکہ مستقبل کے چلینجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجیوں کو مربوط کیاجا رہا ہے ۔ انہوں نے کہا۔

...........(Army Chief)....Byte...........

تصادم

سوپور کے زالورہ گجر پتی جنگلات علاقے میں ملی ٹینسی مخالف آپریشن آج دوسرے دن بھی جاری رہا ۔ اس آپریشن کے دوران آج پنگالا کارتھیک نامی زخمی ہوا فوجی اہلکار زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا۔فوج نے مہلوک جوان کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ فوج کے ترجمان نے آکاشوانی کو بتایا کہ علاقے میں چھپے ملی ٹینٹوں کے خلاف تلاشی کارروائی میں تیزی لائی جا رہی ہے ۔ فوج کے ترجمان نے بتایا کہ فوج اور جموں کشمیر پولیس کی مشترکہ ٹیم نے کل شام علاقے میں ملی ٹینٹوں کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع ملنے کے بعد علاقے کو محاصرے میں لیا اور تلاشی کارروائی شروع کی ۔ جس دوران وہاںچھپے ملی ٹینٹوں نے گولیاں چلائی اور تصادم شروع ہوا ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے جموں کشمیر کی گھریلو دستکاری مصنوعات کو قومی و بین الاقوامی سطحوں پر فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ جموں میں آج جموں اینڈ کشمیر انڈسٹریز کے سیل میلے کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہاکہ جموں کشمیر نے دستکاری کے شعبے میں اپنا ایک منفرد مقام بنا لیا ہے تاہم اس شعبے کو معیار تک پہنچانے کیلئے مزید اقدامات کرنے کی ضرورت ہے ۔ انہوں نے اس ضمن میں حکومت کے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران سکمز صورہ کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس ادارے میں طبی نگہداشت کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ضرورت کو اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ اسپتال نے پچھلے برسوں کے دوران لوگوں کی خدمت کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا ۔

انتقال

رہے غلام حسن گیلانی آج صبح اپنی رہائش گاہ پیر باغ سرینگر میں انتقال کر گئے MLA سابق وزیر اورپانچ مرتبہ بڈگام کے ۔ ان کی عمر 90برس تھی ۔کئی سماجی اور سیاسی شخصیا ت نے مرحوم کے انتقا ل پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

این سی

جموں کشمیر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ و نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سابق وزیر اور سابق بڈگام غلام حسن گیلانی کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی پیغام میں انہوں نے لوگوں کے MLA کے چیر مین حکیم محمد یاسین نے بھی غلام حسن گیلانی کے فوت ہونے پر PDFتئیں مرحوم کی خدمات کو اجا گر کیا ہے ۔ دکھ اور صدمے کا اظہا رکیا ہے۔

شمشیر سنگھ

BJP کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا کے سابق ممبر شمشیر سنگھ منہاس آج انتقال کر گئےکئی سیاسی اور سماجی شخصیات نے ان کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار ہے ۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے آنجہانی کے انتقال پر رنج و الم کا اظہا رکرتے ہوئے کہا ہے کہ آنجہانی کے ساتھ ان کے گہرے مراسم تھے اور انہوں نے جموں کشمیر کی فلاح وبہبود کیلئے کافی کام کیا ۔ انہوں نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

ایل جی تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی معروف لیڈر اور سابق راجیہ سبھا ممبر شمشیر سنگھ منہاس کے فوت ہوجانے پر صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ آنجہانی لوگوں کی بہبودی کیلئے ہمیشہ وعدہ بند رہے۔ انہوں نے آنجہانی کے روح کے ابدی سکون کیلئے دعا کی ۔

ٹھاکر

جموں کشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے بھی شمشیر سنگھ منہاس کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے -BJP

نشہ مکت

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں ۔ اس حوالے سے معروف قلم کار اور تحقیق دان ڈاکٹر غلام نبی حلیم نے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا ۔

....(G.Nabi Haleem)....Byte...........

گرفتاری

پولیس نے منشیات کی لعنت کے خلاف اپنی جنگ کو جاری رکھتے ہوئے آج پلوامہ سے تین منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے ۔ ان کے قبضے سے کافی مقدار میں منشیات بھی ضبط کی گئی ہے ۔ گرفتار کئے گئے منشیات سمگلروں میں کسری گام کاکا پورہ کے بلال احمد ڈار اور ارشاد احمد منٹو کے علاوہ چرار شریف بڈگام کا معراج الدین شاہ شامل ہیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جمونمیں سٹیٹ ہیلتھ ایجنسی کے گورننگ کونسل کی 9ویں میٹنگ کے دوران -AB PMJAYاور AB-PMJAY Sehat اسکیم کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے اسکیم کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے پر

زور دیا۔ میٹنگ میں بتا یا گیا کہ اسکیمونکے تحت اب تک تین لاکھ36ہزار 859کلیم پیش کئے گئے ہیں جن میں سے 2ارب22کروڑ 58لاکھ روپے مالیت کے ایک لاکھ22ہزار839کلیم منظور کئے گئے ہیں۔

ہینڈ کرافٹس

ہینڈی کرافٹس اور ہینڈ لوم محکمہ نے وادی میں قائم شو روم مالکان کو متنبہ کیا ہے کہ وہ ہاتھوں سے تیا رکی گئی اصلی دستکاری اشیاءکے نام پر مشینوں سے تیا رکی جانے والی اشیاءفروخت کرنے سے اجتناب کریں ، بصورت دیگر ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس حوالے سے ڈائریکٹر ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر Mussarat Islam نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

............(Mussrat)....Byte............

تپ دق

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سودنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جاری ہے اور طبی ماہرین نے اس بیماری میں مبتلا مریضوں سے کہا ہے کہ وہ آگے آکر اپنا علاج کرائیں۔

صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

............(Patient)....Byte............

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے اور آج بھی لاکھوں کی تعداد میں شردھالوں نے وہاں امرت اسنان میں حصہ لیا ۔مہا کنبھ 26فروری تک جاری رہے گا ۔

........Music........

ٹرمپ

ڈونالڈٹرمپ کو آج امریکہ کے 47ویں صدر کی حیثیت سے حلف دلایا جائے گا ۔اس سے پہلے ٹرمپ نے کل رات واشنگٹن میں وکٹری ریلی سے خطاب کیا ۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کو در پیش مشکلات اور چلینجوں کا مقابلہ کرنے اور ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے ۔

بھارت کے وزیر خارجہ ایس جے شنکر حلف برداری کی تقریب میں بھارت کی نمائندگی کریں گے ۔

مبارکباد

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے مردوں اور خواتین کی کھو کھو ٹیم کوپہلا کھو کھو ورلڈ کپ جیتنے پر مبارکباد دی ہے ۔ مبارکبادی کے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ اس تاریخی کامیابی سے قوم کا سر فخر سے اونچا ہوا ہے اور ساتھ ہی نوجوان کھلاڑیوں کو ترغیب ملی ہے ۔

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے ملک میں گونا گوں ثقافتی ورثے اور کلاسکل زبانوں کے ساتھ جڑکر ثقافتی احیاے نو کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ۔ نئی دلی میں آج Bhavans Nandlal Nuwal سینٹر آف انڈو لاجی کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ ملک کے مالا مال ثقافتی ورثے پر فخر کرکے تاریخ کو گھریلو چشمے سے دیکھیں اور صرف نو آباد تیاتی نظریے پر زیادہ انحصار نہ کریں ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 14.9ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3.2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 26.2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت9.6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر35منٹ پراور غروب آفتاب شام5بجکر50منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔